استحصال کے خلاف تاجروں نے جی ایس ٹی دفتر پر مظاہرہ کیا

کانپور، (ایس این بی)

افسران خاص طور پر فلائنگ اسکوائڈس پر استحصال کا الزام لگاتے ہوئے بڑی تعداد میں ایس جی ایس ٹی دفتر لکھن پور میں تاجروں نے زوردار مظاہرہ کیا۔ ایڈیشنل کمشنر گریڈ ون کو مطالبات سے متعلقہ سی ایم کو منسوب محضر نامہ سونپا۔

بھارتیہ ادیوگ بیوپار منڈل کے ریاستی جنرل سکریٹری گیانیش مشرا کی قیادت میں پیر کو بڑی تعداد میں تاجر ریاستی جی ایس ٹی دفتر لکھن پور پہنچے۔ تاجروں نے افسران پر بلا وجہ پریشان کرنے کا الزام لگایا۔ تاجروں کا کہنا تھا کہ جانچ کے نام پر کسی نہ کسی بہانے افسر تاجروں کا استحصال کرتے ہیں۔ تاجروں کا کہنا تھا کہ محکمہ نوٹس بھیجتا ہے صحیح جواب دینے کے بعد بھی دوبارہ نوٹس بھیج دیے جاتے ہیں۔ پھر تاجروں کو بلا وجہ دفتر بلایا جاتا ہے۔ فلائنگ اسکوائڈ کی من مانی کارروائی نے تجارت کو برباد کردیا ہے۔ فلائنگ اسکوائڈ اکائیاں مسلسل استحصال کر رہی ہیں۔ جانچ کے نام پر پریشان کیا جاتا ہے۔ ان سب معاملوں کو لے کر تاجروں نے ایڈیشنل کمشنر گریڈ 1 جی ایس بونال سے گفتگو بھی کی۔ مطالبات سے متعلقہ سی ایم و کمشنر کو منسوب محضر نامہ سونپا۔

تاجروں کا کہنا تھا کہ سال 2018-19، 19-20 اور 2020-21 کے نوٹس بڑی تعداد میں تاجروں میں بھیجے جا رہے ہیں۔ صحیح جواب لگانے کے بعد بھی پھر نوٹس بھیجے جا رہے ہیں۔ افسر کسی نہ کسی بہانے تاجروں کو دفتر بلاتے ہیں۔ فلائنگ اسکوائڈ کو لے کر تاجروں نے مطالبہ کیا کہ شہر کی حدو بازاروں میں صبح 7 سے رات 12 بجے فلائنگ اسکوائڈ اکائیوں کی جانچ پر روک لگائی جائے۔ تاجروں کا کہنا تھا کہ ذرا سی کمی پر مال لوڈ گاڑیوں کو دفتر نہ لایا جائے۔ ایڈیشنل کمشنر گریڈ ون جی ایس بونال نے تاجروں کو مسائل کے تصفیہ کا یقین دلایا۔

مظاہرین میں منطقائی شہری صدر سردار گرجندر سنگھ، منیش گپتا، منیش ونسدانی، عبد الوحید، آشیش مشرا، مہیش سونی، جیتندر سنگھ، پریم گپتا، ششانک دکشت، اتل اومر، پون گوڑ، اروند گپتا، کے کے گپتا و انوراج جائسوال وغیرہ شامل تھے۔

سینچ پال کو کار سے روند کر مارنے والا ملزم گرفتار

کانپور، (ایس این بی)

کوہنہ تھانہ حلقے میں اتوار کی دیر شب ایک نشہ باز کار ڈرائیور نے سینچپال کو ٹکر مارنے کے بعد روند دیا تھا۔ حادثے میں ان کی موت ہو گئی تھی۔ پیر کو مہلوک کا پوسٹ مارٹم ہوا۔ وہیں ملزم کار مالک کو پولیس نے گرفتار کرلیا ہے۔

وی آئی پی روڈ پر اتوار کی دیر شب نشہ میں چور ایک کار ڈرائیور نے محکمہ آبپاشی میں تعینات سینچپال رویندر کمار (48) کی کار میں ٹکر ماردی تھی۔ مخالفت کرنے پر ملزم کار ڈرائیور نے انہیں بھی ٹکر ماردی تھی اور تقریباً 50 میٹر تک گھسیٹتا لے گیا تھا۔ اس کے بعد ملزم کار ڈرائیور نے انہیں روند دیا تھا۔ حادثے کو انجام دینے کے بعد ملزم موقع سے فرار ہوگیا تھا۔ عینی شاہدین کے مطابق ملزم کی کار میں ''اتر پردیش سرکار'' لکھا ہوا تھا۔ حادثے کی اطلاع پر پہنچی پولیس نے سنگین حالت میں رویندر کمار کو ہیلٹ اسپتال میں داخل کرایا تھا، جہاں پر انہوں نے دم توڑ دیا تھا۔ پیر کو ان کا پوسٹ مارٹم ہوا جس میں ڈاکٹروں کے مطابق کار چڑھنے سے جسم میں نصف درجن سے زدہ چوٹوں کے نشان ملے ہیں۔ ساتھ ہی زیادہ خون بہہ جانے سے موت کی بات سامنے آئی ہے۔ اس معاملے میں کوہنہ پولیس نے ملزم کار مالک و ڈرائیور پرانا کانپور ساکن شبھم ول کو سی سی ٹی وی کی مدد سے اناؤ سے گرفتار کرلیا۔ ڈی سی پی سینٹرل آر ایس گوتم نے بتایا کہ شبھم ول کار کا مالک ہے۔ اس کی کار میں جو اتر پردیش سرکار لکھا ہوا ہے وہ سرکاری گاڑی نہیں ہے لیکن اس کار کو محکمہ واٹر ورکس میں فائنینس افسر کے عہدے پر تعینات سنجے کمار نے ٹھیکے پر لے رکھا تھا جسے ملزم خود چلاتا تھا۔ اس معاملے میں اہل خانہ کی تحریر پر رپورٹ درج کی گئی ہے۔ رویندر کمار کے بڑے بھائی سریندر پرتاپ سنگھ نے بتایا کہ وہ لوگ آبائی طور پر جون پور کے رہنے والے ہیں لیکن کئی برسوں سے سبھی لوگ یہاں ایف ایم کالونی سول لائنس میں رہ رہے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ رویندر کے کنبے میں بیوی منجو، دو بچے لیش و شریا ہیں۔ رویندر کی اس وقت تعیناتی روما میں تھی لیکن کچھ وقت سے وہ پھول باغ محکمہ آبپاشی دفتر سے اٹیچ تھے۔ واقعے کے بعد کنبے میں کہرام مچ گیا بیوی و بچوں کا رو رو کر برا حال تھا۔ اہل خانہ پوسٹ مارٹم کے بعد لاش کو گھر لے گئے پھر وہاں گے بھیرو گھاٹ میں آخری رسوم ادا کی گئیں۔

ریلوے پر نگر نگم کا 120 کروڑ روپے ٹیکس بقایا

کانپور، (ایس این بی)

نگر نگم ہیڈ کوارٹر میں زون 1 اور زون 4 کی ریونیو وصولی کے متعلق میئر نے جائزہ میٹنگ کی۔

میٹنگ میں ودیا ساگر زونل افسر زون 1 نے واقف کرایا کہ یکم اپریل 2024 سے 30 جون 2024 تک ریونیو وصولی کا ہدف 7 کروڑ 42 لاکھ 27 ہزار کے مقابلے 3 کروڑ 6 ہزار صرف وصولی ہوئی ہے۔ راجیش سنگھ زونل افسر زون 4 نے بتایا کہ یکم اپریل سے 30 جون 2024 تک ریونیو وصولی کا ہدف 7 کروڑ 51 لاکھ 27 ہزار کے مقابلے 3 کروڑ 26 لاکھ 53 ہزار کی وصولی ہوئی ہے۔ میئر کے ذریعہ بڑے بقائے داروں اور زیڈ اسکوائر کے متعلقہ پوچھے جانے پر ودیا ساگر یادو نے بتایا کہ ریلوے پر 120 کروڑ روپے بقایا ہے۔ سبھی کو نوٹس بھیجنے کی کارروائی کی جا رہی ہے۔ ساتھ ہی زیڈ اسکوائر کے متعلق بتایا کہ ابھی تک 53 لاکھ روپے کی سالانہ وصولی کی جا رہی ہے۔ اپریل 2024 سے 1 کروڑ 71 لاکھ ٹیکس میں اضافہ کرتے ہوئے کی گئی ہے۔ میئر نے حکم دیا کہ جی آئی ایس سروے پرائیوٹ کمپنی کے ذریعہ گڑبڑی کی گئی ہے اس لئے جی آئی ایس کے ذریعہ ٹیکس مقرر کرنے سے قبل ریونیو انسپکٹر سے تصدیق کے بعد ہی بل جاری کریں۔ ساتھ ہی زیڈ اسکوائر کی صحیح پیمائش کرائیں۔ میٹنگ میں امت کمار بھارتیہ، ایڈیشنل میونسپل کمشنر اور زون 1، 4 کے سبھی ٹیکس سپرنٹنڈنٹ و ریونیو انسپکٹر موجود رہے۔

سائبر ٹھگوں نے نوجوان کے کھاتے سے پار کئے 50 ہزار روپے

کانپور، (ایس این بی)

سائبر ٹھگوں نے گووند نگر میں رہنے والے ایک شوروم ملازم کے کھاتے سے دو بار میں 50 ہزار روپے پار کردیے۔ موبائل پر بینک سے میسج آنے پر متاثرہ کو ٹھگی کی معلومات ہوئی۔ متاثرہ نے متعلقہ تھانے میں نامعلوم کے خلاف تحریر دی۔ پولیس متاثرہ کی تحریر پر مقدمہ درج کر کے معاملے کی تفتیش کر رہی ہے۔

گووند نگر ساکن انل تیواری نے تھانے میں تحریر دیتے ہوئے بتایا کہ سروپ نگر واقع ایک شوروم میں وہ اکاؤنٹینٹ ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کا کھاتہ ایس بی آئی کی قدوائی نگر شاخ میں ہے۔ انہوں نے کچھ دن قبل اے ٹی ایم کے لئے درخواست دی تھی۔ 4 دن قبل ان کے موبائل پر انجان نمبر سے فون آیا۔ فون پر بولنے والے نے خود کو بینک ملازم بتایا اور کہا کہ آپ کا اے ٹی ایم بن گیا ہے اور دو دن میں آپ کے پاس بھیج دیا جائے گا۔ اس سے پہلے آپ کو کچھ معلومات فراہم کرنی ہوں گی۔ وہ اس کے جھانسے میں آ گئے اور اسے اپنے کھاتے کی خفیہ معلومات دستیاب کرادیں۔ اس کے کچھ ہی دیر بعد ان کے کھاتے سے دو بار میں 50 ہزار روپے نکل گئے۔ بینک سے میسج آنے پر انہیں ٹھگی کی معلومات ہوئی۔ جس کے بعد انہوں نے متعلقہ تھانے میں نامعلوم کے خلاف تحریر دی۔

ڈھال پر ٹریکٹر ٹرالی پلٹی، ڈرائیور کی دب کر موت

کانپور، (ایس این بی)

پنکی تھانہ حلقے کے گوپال پور چوکی کے پترسا نہر کی ڈھال پر اترتے وقت سامنے سے آ رہے موٹر سائیکل سوار کو بچانے کے چکر میں ٹریکٹر ٹرالی بے قابو ہوکر کھائی میں پلٹ گئی جس میں دب کر ڈرائیور کی موت ہوگئی۔

گوپال پور ساکن گلفام (20) سائیں نگر میں رہنے والے سنیل پال کے یہاں ٹریکٹر چلاتا تھا۔ پیر کی صبح وہ کھجنی سے ملبہ لادکر پترسا کی طرف جا رہا تھا۔ نہر پل کی کھڑی ڈھال سے اترتے وقت سامنے سے آ رہے موٹر سائیکل سوار کو بچانے کے چکر میں بے قابو ہوکر ٹریکٹر ٹرالی پلٹ گئی جس سے گلفام اس کے نیچے دب گیا۔ شور سن کر پہنچے لوگوں نے ٹریکٹر کو سیدھا کیا اور گلفام کو نکال کر اسپتال لے گئے جہاں پر ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دیا۔ اہل خانہ نے بتایا کہ گلفام کا 3 ماہ پہلے ہی بیار کے بتیا ضلع کی رہنے والی ببلی سے نکاح ہوا تھا۔ وہیں اطلاع پر پہنچی پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا۔

آج گاؤں پہنچے گا نکسلی حملے میں شہید جوان کا جسد خاکی

کانپور، (ایس این بی)

اتوار کو دو پہر بعد چھتیس گڑھ کے سکما میں نکسلیوں کے ذریعہ کئے گئے آئی ای ڈی بلاسٹ میں مہراج پور کے نوگواں گوتم گاؤں کا رہنے والا سی آر پی ایف کی کوبرا بٹالین کے ایک جوان شیلیندر گوتم کے شہید ہونے کے بعد محکمہ جاتی خانہ پوری ہونے کے بعد ان کا جسد خاکی منگل کی صبح گاؤں پہنچنے کے امکانات ظاہر کئے جا رہے ہیں۔

مہراج پور تھانہ حلقے کے نوگواں گوتم پروامیر ساکن آنجہانی منا لال کا بیچ والا بیٹا شیلیندر گوتم، جو کہ 2017 سے سی آر پی ایف میں سپاہی کے عہدے پر تعینات تھا۔ اتوار کی دو پہر چھتیس گڑھ کے سکما ضلع کے جگرگنڈا علاقے میں نکسلیوں نے ایک ٹرک کو آئی ای ڈی دھماکے سے اڑا دیا۔ اس دھماکے میں سی آر پی ایف کی خاس اکائی کوبرا کے شیلیندر گوتم سمیت 2 جوان شہید ہو گئے۔ پولیس نے بتایا کہ یہ دھماکہ راجدھانی رائے پور سے 400 کلومیٹر دور سیکورٹی فورسیز کے سلگیر اور ٹیکلگڈیم کیمپوں کے درمیان ٹماپورم گاؤں کے پاس ہوا۔ شیلیندر کی شہادت کی خبر سن کر اہل خانہ سمیت گاؤں والوں میں کہرام مچ گیا۔

پیر کو ایس ڈی ایم نرول رشبھ ورما محکمہ ریونیو کی ٹیم لے کر شہید کی آخری رسومات و میمویل کے مقام کیلئے گاؤں سماج کی زمین کو نشانزد کرنے کا کام شروع کیا۔ اہل خانہ کے مطابق محکمہ ریونیو جو زمین دے رہا ہے وہ معقول نہیں ہے۔ جس پر کافی عرصے سے جدوجہد چلتی رہی۔ اسٹنٹ پولیس کمشنر چکیری و انسپکٹر مہراج پور نے بتایا کہ جسد خاکی چھتیس گڑھ سے دہلی لایا جائے گا۔ دہلی سے سڑک کے راستے سے منگل کی صبح تک لاش گاؤں پہنچنے کے امکانات ہیں۔

مارننگ واک سے لوٹ رہی ضعیفہ کی زنجیر لوٹ کر لٹیرے فرار

کانپور، (ایس این بی)

راوت پور تھانہ حلقے میں پیر کو مارننگ واک سے لوٹ رہی ضعیفہ سے بے خوف موٹر سائیکل سوار لٹیروں نے زنجیر لوٹ لی۔ اتنا ہی نہیں لٹیرے نے خاتون کو دھکہ دے کر گرا دیا جس سے ضعیفہ کو معمولی چوٹ آ گئی۔ وہیں واقعے کے بعد بے خوف لٹیرے موقع سے فرار ہو گئے۔ اطلاع پر پہنچی پولیس نے تفتیش کی۔ ملزمان سی سی ٹی وی میں قید ہو گئے۔

کیشو پورم بھوتیشور مندر ساکن خاتون شانتی دیوی بیٹے کے ساتھ رہتی ہیں۔ خاتون کے مطابق ان کے والد کا انتقال ہو چکا ہے۔ وہ روز کی طرح پیر کو ٹہلنے گئی تھیں۔ ٹہلنے کے بعد وہ پھل خرید کر پیدل گھر لوٹ رہی تھیں تبھی گھر کے پاس موڑ پر اپاچے موٹر سائیکل سوار لٹیروں نے ان کے بغل میں موٹر سائیکل لگائی۔ وہ کچھ سمجھ پاتیں اس سے پہلے گاڑی میں بیٹھے لٹیرے نے ان کے گلے پر جھپٹا مارا۔ انہوں نے زنجیر کو پکڑا تو لٹیرے نے انہیں دھکہ دیتے ہوئے گرا دیا اور زنجیر لوٹ کر فرار ہو گئے۔ شور سن کر آس پاس کے لوگ جمع ہو گئے لیکن تب تک لٹیرے فرار ہو چکے تھے۔ وہیں گرنے سے شانتی دیوی معمولی طور پر زخمی ہو گئیں۔ متاثرہ نے بتایا کہ دونوں لٹیرے ہیلمٹ نہیں پہنے ہوئے تھے۔ وہیں واقعے کی اطلاع ملتے ہی موقع پر پہنچی پولیس نے تفتیش شروع کردی۔ ساتھ ہی علاقے میں لگے سی سی ٹی وی دیکھے۔ وہیں ملزمان ایک سی سی ٹی وی میں قید ہو گئے۔ راوت پور تھانہ انچارج نے بتایا کہ تحریر لے کر معاملہ درج کیا جا رہا ہے۔ لٹیروں کو جلد پکڑ لیا جائے گا۔

ضلع انسپکٹر آف اسکولس دفتر پر اساتذہ کا بے میعادی دھرنا

उत्तर प्रदेश माध्यमिक शिक्षक संघ

کانپور، (ایس این بی)

اتر پردیش مادھیمک شکشک سنگھ پانڈے گروپ کی ضلع کمیٹی اور مسائل کے پریشان اساتذہ نے ضلع انسپکٹر آف اسکولس کانپور نگر دفتر کے سامنے بے میعادی دھرنا شروع کر دیا۔

ریاستی کنوینر شیلیندر دویدی نے بتایا کہ اساتذہ کے مسائل جیسے 60 سے 62 سالہ تبادل منظور، پنشن، فنڈ کی ادائیگی، منتخبہ تنخواہ، پروموشن تنخواہ، این پی ایس سے سبکدوش اساتذہ کی پنشن کی ادائیگی، جی این کے انٹر کالج و بلہور انٹر کالج میں پرنسپل سے کام نہیں لیا جانا، دیگر اساتذہ کے محنتانے کی ادائیگی نہ ہونے کے مسائل طویل عرصے سے حل نہیں کئے جا رہے ہیں۔ اس لئے بے میعادی دھرنے پر اساتذہ کو بیٹھنا پڑا۔ ضلع جنرل سکریٹری راہل کمار مشرا نے انتباہ دیا کہ اگر مسائل کا تصفیہ آج نہیں ہوتا ہے تو تحریک کو مزید تیز کی جائے گی۔ دھرنے میں خاص طور پر ریاستی سکریٹری برج بھوشن مشرا، ریاستی نائب صدر سریندر پال سنگھ للا، منطقائی صدر آر سی پانڈے، ضلع صدر اودھیش کٹیار، چندر دیپ یادو، راکیش بھاردواج، پریم چندر ترپاٹھی، چترانشی سنگھ موجود رہے۔

امس بھری گرمی میں بے ہوشی، لو بلڈ پریشر و ڈائریا کے مریض بڑھے

کانپور، (ایس این بی)

ہلکی بارش سے امس بڑھنے کے سبب ڈی ہائی ڈریشن سے لوگوں کی حالت بگڑ رہی ہے۔ بے ہوشی، چکر آنے، لو بلڈ پریشر و ڈائریا کے مریض بڑھ گئے ہیں۔ پیر کو ہیلٹ، ارسلا، کے پی ایم و کانشی رام اسپتال کی او پی ڈی میں ایسے مریضوں کی زیادہ بھیڑ رہی۔ ڈاکٹروں کے مطابق پسینہ زیادہ نکلنے سے جسم میں الیکٹرولائٹس یعنی سوڈیم، پوٹیشیم و کیلشیم کی کمی ہو جاتی ہے۔ اس سے کمزوری و دیگر پریشانی پید ہوتی ہے۔

پیر کو ہیلٹ او پی ڈی کے میڈیسن، امراض جلد و امراض اطفال کی او پی ڈی میں مریضوں کی کافی بھیڑ رہی۔ میڈیسن کی او پی ڈی میں قے، دست، سر میں درد، چکر آنا، پیٹ درد، گلے میں خراش، بخار، کمزوری جیسی علامت والے مریض زیادہ آئے۔ باہر کی کٹی کھلی اشیاء کھانے پینے سے ڈائریا کا حملہ تیز ہوگیا ہے۔ میڈیسن کے پروفیسر ڈاکٹر جے ایس کشواہا کے مطابق الیکٹرولائٹس جسم کو کنٹرول کرتے ہیں۔ جسم کو ہائیڈریٹ رکھتے ہیں۔ خون کا دباؤ ٹھیک رکھتے ہیں۔ ان کی کمی سے کئی طرح کی دقتیں آنے لگتی ہیں۔ جو لوگ پہلے سے دل، ذیابطیس و ہائی بلڈ پریشر سے متاثر ہیں انہیں زیادہ پریشانی آتی ہے۔ بچاؤ کے لئے پانی زیادہ پئیں۔ تغذیہ بخش غذاء لیں۔ ورزش کریں۔

امراض اطفال کی او پی ڈی میں ڈائریا کی علامات والے 25 سے زائد بچے دیکھے گئے۔ امراض اطفال کی ایمرجنسی میں ڈائریا کے 7 بچے بھرتی کئے گئے۔ امراض جلد کی او پی ڈی میں فنگل انفیکشن، جلد میں الرجی و خارش کے مریض زیادہ آئے، ارسلا، کے پی ایم و کانشی رام اسپتال کی او پی ڈی میں بھی ایسے مریضوں کی تعداد زیادہ رہی۔ چاروں اسپتالوں کی ایمرجنسی میں بے ہوشی، ڈائریا، کڈنی و لیور کی پریشانی والے 29 مریض بھرتی کئے گئے۔

مشتبہ حالت میں گھر پر ملی ضعیفہ کی لاش

کانپور، (ایس این بی)

چکیری کے کرمچاری نگر میں گھر پر اکیلی رہ رہی ضعیفہ کی لاش پڑی ملنے سے علاقے میں افرا تفری مچ گئی۔ متوفیہ کا بیٹا کنبے کے ساتھ مدھیہ پردیش میں رہتا ہے۔ وہیں پولیس نے اس طرح کے واقعے کی معلومات سے انکار کیا ہے۔ کرمچاری نگر ساکن جے پورنا تیواری (82) گھر پر اکیلی رہتی تھیں۔ ان کا بیٹا روی ایئر فورس سے سبکدوش ہونے کے بعد مدھیہ پردیش کے بھنڈ میں محکمہ آبکاری میں فائز ہے۔ وہ اپنی بیوی سنیتا کے ساتھ رہتے ہیں۔ پڑوسیوں نے بتایا کہ کئی سال پہلے جے پورنا کے شوہر کالیکا پرساد کی موت ہوگئی تھی۔ بیٹا ماں کا حال چال گھر میں لگے سی سی ٹی وی سے لیتا رہتا ہے لیکن 3 سے 4 دنوں سے روی نے کیمرے چیک نہیں کئے تھے۔ پڑوسیوں کو پیر کو جب گھر سے بدبو آئی تو ان لوگوں نے روی سے کیمرے چیک کرنے کو کہا۔ اس پر روی نے کیمرے چیک کئے تو ماں نظر نہیں آئیں۔ اس پر روی نے گھر کے پیچھے حصے میں ماں کو چیک کرنے کی بات کہی کیونکہ پیچھے کیمرے نہیں لگے ہیں۔ پڑوسی نے جب پیچھے جا کر دیکھا تو انہیں جے پورنا دیوی کی لاش گیٹ کے پاس اوندھے منھ پڑی ملی۔ لاش تقریباً 2 سے 3 دن پرانی ہے۔ اس کے بعد روی نے اپنے رشتہ داروں سے گھر جانے کو کہا۔ حالانکہ روی کے رات تک آنے کے امید ہے۔ وہیں پولیس کو کسی نے اطلاع نہیں دی۔ تھانہ انچارج اشوک دوبے نے بتایا کہ پولیس کے پاس ایسے کسی واقعے کی اطلاع نہیں ہے۔ اطلاع ملنے پر کارروائی کی جائے گی۔

گانجہ اسمگلر نے گھر میں داخل ہوکر بچی کی عصمت دری کی کوشش کی

کانپور، (ایس این بی)

برا تھانہ حلقے میں پیر کی دو پہر بچی کو گھر میں اکیلی دیکھ کر ایک گانجہ اسمگلر نے گھر میں داخل ہو کر بچی کو دبوچ لیا اور اس کی عصمت دری کی کوشش کی۔ کسی طرح بچی اس کی زد سے آزاد ہوکر نکل بھاگی اور پڑوسی کے گھر پر چھپ کر خود کو بچایا۔ علاقائی لوگوں کا اشتعال دیکھ کر ملزم جان مال کی دھمکی دیتا ہوا بھاگ نکلا۔ متاثرہ اہل خانہ بچی کو لے کر تھانے پہنچے لیکن پولیس نے انہیں ٹرخا دیا۔ برا عالمی بینک ڈی بلاک ساکن زوجین نے بتایا کہ وہ لوگ مزدوری کرتے ہیں اور ہائی ٹنشن لائن کے نیچے جھونپڑی بنا کر اپنے 3 بچوں کے ساتھ رہتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پیر کی صبح شوہر بیوی مزدوری کرنے چلے گئے۔ گھر پر ان کی 9 سال کی بیٹی اور دو چھوٹے بیٹے تھے۔ دو پہر بچوں کو گھر پر اکیلا دیکھ کر علاقے میں رہنے والا گانجہ اسمگلر آدرش گھر میں داخل ہوا اور دونوں چھوٹے بیٹوں کو پیسے دے کر سامان لینے بھیج دیا۔ بیٹوں کے جانے کے بعد ملزم نے بیٹی کو دبوچ لیا اور اس کے کپڑے تار تار کر کے اس کی عصمت دری کی۔ کسی طرح بچی اس کے پاس سے نکل بھاگی اور پڑوسی کے گھر میں چھپ کر خود کو بچایا۔ علاقائی لوگو کو جب واقعے کی معلومات ہوئی تو انہوں نے ملزم کو کھدیڑ لیا۔ لوگوں کا اشتعال دیکھ کر ملزم جان مال کی دھمکی دیتا ہوا بھاگ نکلا۔ پڑوسیوں نے متاثرہ اہل خانہ کو اطلاع دی۔ گھر پہنچے اہل خانہ بیٹی کو لے کر تھانے پہنچے اور ملزم کے خلاف تحریر دی لیکن پولیس نے کارروائی کرنے کے بجائے انہیں ٹرخا دیا۔ متاثرہ اہل خانہ نے بتایا کہ ملزم دوبارہ گانجہ اسمگلنگ میں جیل بھی جا چکا ہے۔

ٹریڈنگ کے نام پر نوجوان سے ہزاروں کی ٹھگی

کانپور، (ایس این بی)

نواب گنج میں سائبر ٹھگوں نے نوجوان کو آن لائن ٹریڈنگ کے ذریعہ روپے دوگنا کرنے کے نام پر 90 ہزار روپے ٹھگی کر لی۔ ٹھگی کا احساس ہونے پر نوجوان نے معاملے کی شکایت سائبر سیل و نواب گنج تھانے میں کی۔ نواب گنج کے کیسا کالونی چندرو ہار ایم آئی جی ساکن امت مہروترا کے مطابق 27 مارچ کو ان کے واٹس ایپ پر ایک میسج آیا جس میں ٹریڈنگ کے ذریعہ پیسے دوگنے کرنے کی بات کہی گئی تھی۔ بات کرنے والے نے آئی سی آئی سی سکوریٹیز کا ملازم بتاتے ہوئے ان کا کھاتہ کھلوا کر کمپنی کے شیئر آئی پی او لینے کے ساتھ 1.32 لاکھ روپے لگانے کو کہا۔ متاثرہ نے اتنے روپے نہ ہونے کی بات کہی تو ملزم نے 90 ہزار روپے لگانے کو کہا۔ اس پر امت نے 5 اپریل سے 29 اپریل کے درمیان کئی بار میں ملزم کے کھاتوں میں روپے جمع کر دیے۔ اس کے بعد ملزمان نے مزید روپیوں کا مطالبہ کیا۔ جب متاثرہ نے روپے نہ ہونے کی بات کہی تو سائبر ٹھگوں نے دھمکی دینا شروع کر دیا۔ اب انہیں اپنے ساتھ ہوئی ٹھگی کا احساس ہوا۔ اس پر متاثرہ نے معاملے کی شکایت سائبر سیل و نواب گنج تھانے میں کی۔ پولیس تحریر کی بنیاد پر رپورٹ درج کر کے معاملے کی جانچ میں لگ گئی ہے۔

جھانسی آیا مانسون، 3 دن بعد شہر پہنچنے کے امکانات

کانپور، (ایس این بی)

شہر میں 3 دنوں سے شام کے بعد ہو رہی بوندا باندی پیر کی دو پہر بعد شروع ہوگئی۔ اس دوران شہر کے جنوبی علاقے میں تقریباً دو ملی میٹر بارش ہوئی جبکہ شمالی علاقے میں صرف بوندا باندی ہی ہوئی۔ بوندا باندی کا دور چلتے رہنے سے شہر کی فضا تبدیل ہوتی جا رہی ہے۔ اب صرف دو پہر میں تقریباً 3 گھنٹے امس بھری گرمی عوام کو پریشان کئے رہی۔ رات میں ہوا نہیں چلنے سے بھی امس بڑھ جاتی ہے۔ پیر کو شہر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 3 ڈگری کم ہوکر 32.0 اور کم سے کم 27.6 ڈگری سیلسیس رہا۔ ہوا شمال مشرق سمت کو 4.2 کلومیٹر کی رفتار سے چلی۔ صبح کی رطوبت 67 اور دو پہر بعد 55 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ مغربی دباؤ کے سرگرم ہونے سے بحر بنگال اور بحر عرب سے نم ہواؤں کے تیز چلنے سے شہر میں 3 دنوں سے بوندا باندی کا دور چل رہا ہے۔ بوندا باندی ہونے سے اب زبردست گرمی سے عوام کو نجات ملتی جا رہی ہے۔ وہیں دو پہر میں 11 بجے کے بعد شام 4 بجے تک امس قائم ہے۔ دو پہر میں ہوا رکنے سے بھی عجیب سا ماحول بن جاتا ہے جس سے سانس تک لینے میں لوگوں کو پریشانی ہونے لگتی ہے۔ یہ دور بھی آئندہ ہفتہ ختم ہونے کے امکانات ہیں لیکن امس برقرار رہے گی۔ موسم سائنسدان ڈاکٹر ایس این سنیل پانڈے نے بتایا کہ مدھیہ پردیش کی طرف سے آنے والا مانسون آج دو پہر جھانسی، بندیل کھنڈ میں بارش کو انجام دینے لگا ہے۔ 3-2 دنوں بعد ممکن ہے کہ مانسون شہر پہنچ جائے گا اور جھما جھم بارش کو انجام دینے لگے گا۔

فی الحال مانسون نے رفتار پکڑ لی ہے۔ اسی طرح رفتار بنی رہی تو 3-2 دنوں میں مانسون شہر تک پہنچ بنا لے گا اور جھوم کر برسنے کے امکانات بنتے جا رہے ہیں۔

ضروری اطلاع

قارئین کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اس اخبار میں شائع ہونے والے سبھی اشتہارات پر کارروائی کرنے سے پہلے پوری تحقیق کرلیں اور مناسب صلاح لے لیں۔ کوئی بھی سبسکرائبر جو اس اخبار میں شائع کسی اشتہار جیسے ٹاور، نوکری، قرض سے متعلق یا دیگر کسی بھی طرح کے سلسلہ میں کوئی رقم بھیجتا ہے کیا کسی طبی صلاح پر کوئی کارروائی یا خرچ کرتا ہے یا کوئی وعدہ کرتا ہے تو ایسا وہ اپنے خود کے ضمیر، عقل اور جوکھم پر کریں گے۔ کمپنی، ناشر یا اس کا کوئی ملازم اشتہار دہندہ کے ذریعہ ان کے کسی پروڈکٹ یا سروس کے لیے کیے گئے کسی دعوے کی سچائی کی یقین دہانی نہیں کراتے اور ایسے اشتہارات پر یقین کر کے کسی شخص کو ہوئے کسی خسارے، نقصان اور نتائج کے لیے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

بند مکان کا تالہ توڑ کر لاکھوں کی چوری

کانپور، (ایس این بی) جوہی تھانہ حلقے میں اتوار کی دیر شب ایک بند گھر کا تالہ توڑ کر داخل ہوئے چور نقدی سمیت لاکھوں کا مال لے کر فرار ہوگئے۔ صبح تالہ ٹوٹا دیکھ کر پڑوسیوں نے مکان مالک کو موبائل پر اطلاع دی۔ موقع پر پہنچی پولیس تفتیش کر کے لوٹ گئی۔ جوہی پرم پوروہ ساکن دنیش شرما ریلوے اہلکار ہیں۔ کنبے میں بیوی رنجنا و ایک بیٹی ہیں۔ پڑوسیوں نے بتایا کہ دو دن قبل وہ بیوی و بیٹی کے ساتھ دہرہ دون گھومنے گئے تھے۔ اتوار کی دیر شب گھر سونا دیکھ کر تالہ توڑ کر داخل ہوئے چور کمرے میں رکھی الماری و بکسوں کے تالے توڑ کر اس میں رکھی نقدی و زیورات لے کر فرار ہو گئے۔ صبح مین گیٹ کا تالہ ٹوٹا دیکھ کر پڑوسیوں نے دنیش کو موبائل پر اطلاع دی۔ پڑوسیوں کی اطلاع پر پہنچی پولیس تفتیش کر کے لوٹ گئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مکان مالک کے آنے کے بعد چوری گئے مال کا صحیح اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

6 ماہ میں بن کر تیار ہو جائے گا ہیلٹ کا نیوففٹی پرائیویٹ وارڈ

سرکاری میں کارپوریٹ اسپتال جیسی سہولیات ملیں گی

کانپور، (ایس این بی)

جی ایس وی ایم میڈیکل کالج سے منسلک ہیلٹ اسپتال میں 50 کمروں والا نیوففٹی پرائیویٹ وارڈ 6 ماہ میں بن کر تیار ہو جائے گا۔ وارڈ کی جدید کاری کا کام آخری مرحلے میں پہنچ گیا ہے۔ یہاں پر کارپوریٹ اسپتال کے طرز پر تھری اسٹار سہولیات مریضوں کو ملیں گی۔ وارڈ کے ہر کمرے میں کچن، واش روم و دیگر سہولیات مہیا رہیں گی۔ ہر کمرے میں آکسیجن لائن رہے گی۔

کورونا کے دور میں سابق وزیر صحت ڈاکٹر ہرش وردھن کی پہل پر دو دہائی سے زائد عرصے سے بند چل رہے نیو ففٹی پرائیویٹ وارڈ کو چالو کرنے کا پلان بنا تھا۔ حکومت نے اس کی جدید کاری کا فیصلہ کیا۔ اس کام کیلئے 14 کروڑ روپے الاٹ کئے گئے۔ میڈیکل کالج کے پرنسپل ڈاکٹر سنجے کالا نے بتائے اکہ پرائیویٹ وارڈ بلڈنگ کو فنشنگ ٹچ دیا جا رہا ہے۔ اسے چالو ہونے میں ابھی 6 ماہ لگ جائیں گے۔ یہاں مریضوں سے لئے جانے والے یوزر چارج کو حکومت مقرر کرے گی۔ حکومت کو اس کے لئے لکھا گیا ہے۔

ڈاکٹر کالا کے مطابق نیوففٹی پرائیویٹ وارڈ میں بھرتی ہونے والے مریضوں کو کارپوریٹ اسپتال میں علاج کا احساس ہوگا۔ نجی شعبے کے مقابلے یہاں پر چارج کافی کم رہے گا۔ وارڈ میں تیمارداروں کیلئے الگ سے ٹائلیٹ کا انتظام کیا گیا ہے۔

اوقات نماز

فجر	3:47
ظہر	12:11
عصر	4:57
مغرب	7:04
عشاء	8:36
طلوع آفتاب	5:17